ISPصفحہ

پسماندگان تارکین وطن منصوبہ

پسماندگان تارکین وطن منصوبہ (ISP) گھریلو تشدد، جنسی حملوں، انسانی اسمگلنگ اور دیگر پُر تشدد جرائم کے شکار تارکین وطن کو قانونی خدمات فراہم کرتا ہے۔ ISP عملہ پنسلوانیا بھر کی گھریلو تشدد، جنسی حملوں کی ایجنسیوں کے ساتھ شراکت داری کے ذریعے جدید طرز کی خدمات فراہم کر کے پسماندگان تارکین وطن کو جامع قانونی خدمات فراہم کرنے کے لئے کوشاں ہے۔

پسماندگان تارکین وطن منصوبے کا آغاز 2010 میں ہوا اور اس سے قبل یہ سینٹرل پنسلوانیا امیگریشن پراجیکٹ یا CPIPکے نام سے موسوم تھا۔ اصل میں جنوب مرکزی پینسلوانیا میں 9 کاؤنٹی کے علاقوں کا احاطہ کرتے ہوئے ISP نے سینکڑوں پسماندگان کو تارکین وطن دادرسی کے لئے درخواست دینے میں مدد فراہم کی۔

ہمارے مؤکل ایسے افراد ہیں جو معمول کے مطابق مجرمانہ اور پُرتشدد عناصر کا شکار رہے ہیں لیکن تارکین وطن کی حیثت کھوجانے کے امکان، مجرموں کے انتقام یا معلومات اور دستیاب ذرائع تک رسائی کی قلت کے باعث ان جرائم کو رپورٹ کرنے کی بجائے خاموش رہے۔ PIRC وکالت تشدد کی کارروائیوں سے پسماندگان تارکین وطن کو بے خوف زندگی گزارنے، ہماری کمیونٹی کی افزائش اور خوشحالی اور انکے اپنے اور اہل خانہ کے روشن مستقبل کی تعمیر کے لئے اپنی آواز اٹھانے کے قابل بناتا ہے۔

ISPکے قانونی ماہرین اور وکلاء گہرے مشاہدے اور داخلے کے ذریعے، ابلاغ اور قانونی وکالت کے ذریعے موذوں اور محفوظ ترین دستیاب دادرسی کا تعین کرنے کے لئے پسماندگان تارکین وطن کے ساتھ کام کرتے ہیں۔ محکمہ انصاف بورڈ تارکین وطن اپیلز (DOJBIA)سے منظور شدہ PIRC سال 2001 سے تارکین وطن قانونی خدمات فراہم کر رہا ہے اور ISPکا عملہ یا تو لائسنس یافتہ ماہرین قانون یا منظور شدہ نمائندگان پر مشتمل ہے۔

اس بات کو مد نظر رکھتے ہوئے کہ گھریلوتشدد، انسانی اسمگلنگ یا دیگر جرائم کے بیشتر شکار زیادتی اور انتقام کے نظام میں یرغمال بنے رہتے ہیں ISP ،پسماندگان کو ذیل میں فہرست کردہ کسی ایک دادرسی فارم کے لئے درخواست دینے میں معاونت کرتا ہے۔

دادرسی کا فارم

- **VAWAذاتی درخواست**

خواتین کے خلاف تشدد ایکٹ کے تحت تحفظ (VAWA) اپنے خاندان کے کسی رُکن (شریک حیات، والدین یا بالغ بچے) کے ہاتھوں جسمانی، جذباتی یا نفسیاتی بدسلوکی کا نشانہ بننے والے ایک فرد کو ان کے ذاتی تارکین وطن حیثیت کے لئے درخواست کے ذریعے اور بدسلوکی کرنے والے پر انحصار نہ کر کے تشدد کے گھیرے سے فرار ہونے کی اجازت دیتا ہے۔ ISP متاثرہ افراد کو VAWA کے تحت ان کے حقوق کے بارے میں تعلیم دیتا ہے اور ان تحفظات تک رسائی کے لئے براہ راست نمائندگی فراہم کرتا ہے۔

- **U ویزہ**

انسدادِ متاثرین انسانی اسمگلنگ اور تشدد ایکٹ کے تحت کانگریس نے سنگین جرائم بشمول گھریلو تشدد اور جنسی حملے کے متاثرین افراد کے لئے تارکین وطن ویزہ تخلیق کیا ہے۔ U ویزہ کے نام سے موسوم یہ حیثیت دستاویزات کے بغیر پسماندگان کو کمیونیٹیز محفوظ بنانے اور بدسلوکی کا ارتکاب کرنے والوں جوابدہی کے لئے ان جرائم کو قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں اور نظام انصاف کو رپورٹ کرنے کی حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ ایسے پسماندگان جو جرم کی تحقیقات اور استغاثہ کے ساتھ تعاون کرتے ہیں U ویزہ کے لئے درخواست دے سکتے ہیں اور بلا آخر امریکا میں قانوناً مستقل شہریت کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔

- **T ویزہ**

VTVPA کے تحت T ویزہ بھی کانگریس کا منظور شدہ ہے ایسے افراد کو تحفظ فراہم کرتا ہے جنہیں زبردستی، فراڈ یا جبر کے ذریعے امریکا لایا گیا ہے۔ T ویزہ ان افراد کا احاطہ کرتا ہے جو تجارتی جنسی اسمگلنگ نیز مزدور اسمگلنگ سے تعلق رکھتے ہیں اور جنہوں نے قانون کے نفاذ اور جرم کی تحققیقات میں تعاون کیا اور اسمگلرز کو انصاف کے کٹہرے میں کھڑا کیا۔ اہل پسماندگان امریکہ میں کام کرنے کی اہلیت حاصل کرتے ہیں اور آخر کار اپنے اور خاندان کے مخصوص افراد کے لئے شہریت کی درخواست دیتے ہیں۔

- **مسلسل تشدد کا شکار ذوج (I-751) چھوٹ**

ایسے مشروط مستقل شہری جنہیں ان کے امریکی شہری شریک حیات نے زدو کوب یا انتہائی ظلم کا نشانہ بنایا گیا ہے اپنے گرین کارڈ پر شرائط ہٹانے کے لئے مشترکہ درخواست دائر کرنے کی شرط کی چھوٹ کے لئے درخواست دے سکتے ہیں۔ پسماندگان کو لازماً یہ ظاہر کرنا ہے کہ وہ نیک نیتی سے رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئے لیکن بدسلوکی کے باعث ان کا شریک حیات مشترکہ درخواست دائر کرنے پر رضامند نہیں یا ایسا کرنا غیر محفوظ ہے۔ چھوٹ کی درخواست منظور ہوجانے کی صورت میں ایک زندہ بچ جانے والا اپنے بدسلوک شریک حیات پر کوئی انحصار کئے بغیر مکمل مستقل شہریت حاصل کر ے گا۔

پسماندگان تارکین وطن وکالت نیٹ ورک(ISAN)

پسماندگان تارکین وطن وکالت نیٹ ورک پینسلوانیا بھر کے گھریلو تشدد اور جنسی تشدد خدمات ایجنسیز کا ایک اتحاد ہے جو پنسلوانیا امیگریشن ریسورس سینٹر کے پسماندگان تارکین وطن منصوبہ کے ذریعے مربوط ہے۔

مشن

نیٹ ورک کا مشن پورے دولت مشترکہ میں ثقافتی اور لسانی اعتبار سے موذوں شکار خدمات نیز اعلیٰ معیاری تارکین وطن قانونی معاونت کی دستیابی اور رسائی کو یقینی بناتے ہوئے پسماندگان تارکین وطن اور انکے اہل خانہ کی حفاظت اور خود مختاری میں اضافہ کرنا ہے۔